سوال

نماز جمعہ کہاں پڑھی جائے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک مسجد میں عرصہ دو سال سے جمعہ کی نماز ہو رہی ہے اسکے اڑھائی ،تین سو گز کے فاصلے پر ایک دینی دارالعلوم ہے جہاں نماز عیدین و نماز جنازہ وغیرہ ادا ہو رہا ہے مگر جمعہ کی نماز ادا نہیں ہو رہی ہے اور اس دارالعلوم کو پوری آبادی میں مرکزی اہمیت حاصل ہے ۔ کیا پہلی جگہ پر جمعہ کو ختم کر کے اس مرکزی جگہ شروع کیا جائے یا دونوں مقامات پر جمعہ کی نماز جاری رکھی جائے ۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

اگر فتنے کا ڈر نہ ہو تو دونوں جگہ بھی شروع رکھی جا سکتی ہے ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتوی کمیٹی

محدث فتوی